سوال

(481) سورة الفاتحہ کی آخری آیت نہ پڑھ سکنے کی صورت میں کیا رکعت لوٹائی جائے گی؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مقتدی نے ابھی سورہ فاتحہ مکمل نہیں کی امام نے رکوع کردیا مقتدی پڑھتا رہا۔ پھر اس خوف سے فاتحہ کی ''صرف آخری آیت ''چھوڑدی کہ امام رکوع سے اٹھ نہ جائے۔ کیا یہ رکعت دوبارہ پڑھنا ہوگی۔ امام کے سلام پھیرنے کے بعد؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ رکعت دوبارہ پڑھنی ہوگی کیونکہ فاتحہ کل سورت کا نام ہے بعض کا نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ: 409

محدث فتویٰ